سوال

سوفٹ وئیرز کا مفت استعمال ۔ ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انٹر نیٹ سے سافٹ وئیر ڈاؤن لوڈ کر کے اس کا رجسٹریشن کوڈ مفت نیٹ سے ڈھونڈ کر سافٹ وئیر کو چلانا کیا ناجائز ہے؟ کئی لوگوں نے اپنے بلاگ یا ویب سائٹس پر سافٹ وئیرز کے کوڈ دیئے ہوتے ہیں یہ پتہ نہیں چلتا کہ انہوں نے بھی یہ خرید کر آگے شئیر کیئے ہیں یا ویسے ہی ڈھونڈے ہیں؟ کیا ایسی صورت میں سافٹ وئیر کا استعمال ناجائز ہے یا جائز ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر تو کسی کمپنی نے فری سوفٹ وئیر مہیا کیئے ہوئے ہوں تو ان کو ڈاون لوڈ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔ اور اگر نہیں ہے تو پھر ناجائز ہے ۔ کیونکہ یہ ان کے مال کی چوری ہے جو کسی بھی صورت میں جائز نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی